Rampur State Gazette.

بحکم بندگانِ اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر [illegible] مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۴ مارچ ۱۹۳۶ء جلد [illegible]

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم

۱	اظہار خوشنودی مزاج عالی بصلہ خدمات سکریٹری صاحبان دفتر بسلسلۂ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس	۲	۳	منظوری رخصت لفٹننٹ شریف اللہ خاں کمپنی کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری۔	۳
۲	انتظام سلسلۂ روانگی اقامت دہلی اعلیحضرت بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم۔	״		منظوری رخصت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر (برائے روانگی مقام کیمبلپور)	۳

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری الاؤنس ضیاء الرحمن خاں نائب ضلعدار رجسٹری کا م				

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار

مورخہ یکم مارچ ۱۹۳۶ء

(دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم)

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا سالانہ اجلاس ۱۶ فروری لغایتہ ۲۲ فروری ۳۶ء رامپور میں منعقد ہوا کانفرنس اور مہمانداری کے سلسلہ میں سکریٹریز افسران میسرہ و دیگر کارکنان نے محنت اور خوش اسلوبی سے خدمات انجام دیں جو قابل تحسین ہیں بدولت اقبال اظہار خوشنودی فرماتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کارکنان کو پروانہ خوشنودی دیدیں۔ ایک نقل درج گزٹ کرائیجائے۔

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ ۲/ مارچ ۱۹۳۶ء

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار

مورخہ ۵/ مارچ ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بدولت اقبال ۶/ مارچ کو شب میں نہضت فرمائے دہلی ہونگے ۱۰/ مارچ تک واپسی ہوگی۔ ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

۱- اگر اس زمانہ میں کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو اسٹیٹ کونسل کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

۲- اجلاس ہمایوں کے اہم کاغذات تا واپسی دفتر میں رکھے جائیں۔

معمولی کاغذات پر عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ بائی آرڈر لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں۔

۳- عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بھی ہمرکاب دہلی جائینگے۔ انکا کام مسٹر عبدالرؤف صاحب چیف انجینیر اسٹیٹ پولیٹیکل منسٹری انجام دینگے۔ اور رکن کونسل شمار ہونگے۔ دارالانشاء کا کام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر انجام دینگے۔

۴- عالیمرتبت صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر شبانہ روز قلعہ میں رہینگے۔ امور محلات کے متعلق ان سے حکم حاصل کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

واقع ۱۴/ مارچ ۱۹۳۶ء

حکم

مرتبہ عرضداشت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری رخصت اتفاقیہ سات یوم لفٹنٹ شریف احمد خاں کیپٹن کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۱۳/ لغایتہ ۱۹/ مارچ ۱۹۳۶ء بغرض شرکت شادی ہمشیرہ زادہ خود بمقام لاکھنؤ پور۔ بدیں مراحت کہ کام کا انتظام کردیا گیا ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ لفٹنٹ شریف احمد خاں کیپٹن کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ سات یوم ۱۳/ لغایتہ ۱۹/ مارچ ۳۶ء منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم)

روبکار

مورخہ ۱۷ مارچ ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیٰحضرت بندگانحضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر کو بمقام کمیلپور دعوت ہے۔ ۱۸ لغایت ۳۰ مارچ ۱۹۳۶ء کی رخصت منظور کیجاتی ہے۔ ان ایام میں آنکے متعلقہ کاغذات اجلاس ہمایوں میں پیش کئے جائیں۔ مابدولت واقبال احکام صادر فرمائینگے۔ نگرانی پریڈ وغیرہ کے ذمہ دار لفٹنٹ کرنل دلاور حسین خاں کمانڈنگ افسر سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

رقیمہ ۱۱ مارچ ۱۹۳۶ء

حسب تحریک عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر ضیاء الرحمن خاں
ضلعدار بہیڑی تحصیل ملک و چودھری پرشاد ضلعدار باز پور حضور تحصیل
مشاہرہ داران [illegible] فی کس کو علاوہ تنخواہ کے [illegible]
[illegible] ماہانہ الاؤنس فی کس دلایا جاتا۔ اور ذوجیر اسیان اجن خاں
رئیس بیشاوہ کا جدید عارضی تقرر بمشاہرہ [illegible] و [illegible]
ماہانہ الاؤنس فی کس بزمانہ تعیناتی جاندار بتریہوم سلسلہ وصول
مطالبہ منظور ہے۔ اس زمانہ میں تنخواہ و الاؤنس مجبت جاندار
بتریہوم سے ملیگی۔ اور اس مدت کیلئے ضلعداران کی بجائے
عارضی انتظام صیغہ مال سے کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج
گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں
پیش ہوں۔

(دستخط عالیمرتبت قائمقام صاحب چیف منسٹر بہادر)